09-08-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے کہا ہے کہ ہندوستان نے آپریشن سندور کے دوران پاکستان کے پانچ لڑاکا طیارے مار گرائے۔

۲۔مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے نے الزام لگایا ہے کہ سابق وزیر کے تارک راماراؤ نے ان کا فون ٹیپ کرایا ۔انہوں نے کے ٹی آر کو چیلنج کیا کہ کیا وہ فون ٹیپنگ کے معاملے پر مندر میں حلف لینے کے لئے تیار ہیں۔

۳۔الیکشن کمیشن نے آج 334 رجسٹرڈ غیر تسلیم شدہ سیاسی جماعتوں کو فہرست سے خارج کردیا ہے۔جنہوں نے 2019 سے اب تک مسلسل چھ سالوں میں ایک بھی انتخاب میں حصہ نہیں لیا۔

اور

۴۔رکشا بندھن، جو بھائی اور بہن کے خصوصی رشتہ کا تہوار ہے، آج ریاست بھر میں منایا جا رہا ہے۔

ASHWINI VAISHNAW:

وزیر ریلوے اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ قاضی پیٹ میں ریلوے مینوفیکچرنگ یونٹ (آر ایم یو) کی تعمیر کے سلسلہ میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔سیول اور بجلی کے ڈھانچے کا کام تکمیل کے قریب ہے اور زیادہ تر مشنری و پلانٹ پہنچا دیے گئے ہیں۔مرکزی وزیر نے بتایا کہ انڈین ریلوے نے قاضی پیٹ میں آر ایم یو کو 521.36 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کرنے کا منصوبہ بنایا ہے، جو جدید رولنگ اسٹاک کی تیاری اور دیکھ بھال کرنے کے قابل ہوگا۔جولائی 2025 تک اس کام پر 310.78 کروڑ روپے خرچ ہو چکے ہیں۔وزیر موصوف راجیہ سبھا میں کانگریس کے رکن انیل کمار یادو کے سوال کا جواب دے رہے تھے، جو قاضی پیٹ میں انٹیگریٹڈ کوچ فیکٹری (آئی سی ایف) کے قیام سے متعلق تھا، جیسا کہ آندھرا پردیش ری آرگنائزیشن ایکٹ 2014 کی دفعہ 13 کے تحت لازمی قرار دیا گیا ہے۔

DEFENCE EXPORTS

سکریٹری محکمہ دفاعی تحقیق وترقی اورڈیفنس انسٹیٹیوٹ آف ایڈوانسڈ ٹکنالوجی (ڈی آئی اے ٹی) کے گورننگ کونسل کے چیئرمین ڈاکٹرسمیر کامت نے کہا ہے کہ ہندوستان کی دفاعی برآمدات گزشتہ سال 23 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئیں اور آئندہ دو سے تین برسوں میں ان کے دوگنا ہونے کی توقع ہے۔ پُونے میں ڈی آئی اے ٹی کے 14ویں کانوکیشن کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر کامت نے کہا کہ ہندوستانی دفاعی سازوسامان کو مشرقِ وسطیٰ، افریقی اور جنوبی ایشیائی ممالک میں زبردست مانگ حاصل ہے۔ کانوکیشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ 'آپریشن سندور' کے دوران ہندوستانی مسلح افواج کو ڈی آر ڈی او کے تیار کردہ ملکی ہتھیاروں، اسلحہ اورآلات سے نمایاں مدد ملی۔

AIR CHIF

فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے کہا ہے کہ ہندوستان نے آپریشن سندور کے دوران پاکستان کے پانچ لڑاکا طیارے مار گرائے۔ بنگلورو میں 16ویں ایئر چیف ایل ایم کترے لکچر دیتے ہوئے ایئر چیف مارشل نے کہا کہ ہندوستان نے پاکستان فضائیہ کے پانچ لڑاکا طیارے اورایک اے ڈبلیواے سی ایس طیارہ نشانہ بنایا۔انہوں نے تفصیل کے ساتھ اور ویڈیو فوٹیج دکھاتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس کم ازکم پانچ لڑاکا طیاروں کی تصدیق شدہ تباہی اورایک بڑے طیارے کی تباہی کے شواہد موجود ہیں، جویاتو الیکٹرانک انٹیلیجنس (ای ایل آئی این ٹی) طیارہ تھایا ایئر وارننگ اینڈ کنٹرول (اے ای ڈبلیو اینڈ سی) طیارہ۔انہوں نے بتایا کہ ان طیاروں کو تقریباً 300 کلومیٹر کے فاصلے پر نشانہ بنایا گیا۔انہوں نے مزید کہا کہ شہباز جیکب آباد ایئر فیلڈ پر بھی میزائل حملے کیے گئے، جن میں ایف 16 جیسے کچھ طیارے کو نقصان پہنچا۔

RAILWAY:

ریلوے نے واپسی کے سفر پر مسافروں کو 20 فیصد رعایت دینے کے لئے راؤنڈ ٹرپ پیکیج اسکیم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارت ریلوے نے ایک بیان میں کہا کہ اس اسکیم کے تحت وہی مسافر رعایت کے حقدار ہوں گے جو روانگی اور واپسی دونوں سفر کے ٹکٹ ایک ساتھ بُک کریں گے۔ وزارت نے مزید کہا کہ اس اسکیم کے تحت خریدے گئے ٹکٹوں کا کرایہ کسی بھی صورت واپس نہیں کیا جائے گا۔اس اسکیم کیلئے بُکنگ 14 اگست سے شروع ہوگی اوراس کا پیشگی ریزرویشن 13 اکتوبر تک کے لئے ہوگا۔

BANDI SANJAY:

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے الزام لگایا ہے کہ سابق وزیر کے تارک راما راؤ نے ان کا فون ٹیپ کرایا۔ انہوں نے کے ٹی آر کو چیلنج کیا کہ کیا وہ فون ٹیپنگ کے معاملے پر مندر میں حلف لینے کے لئے تیار ہیں۔ مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے آج کریم نگر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ میں کانگریس اور بی آر ایس پارٹیوں کے درمیان خفیہ مفاہمت ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ بی آر ایس پارٹی کانگریس پارٹی کے چھ ضمانتی وعدوں پر سوال کیوں نہیں اٹھا رہی۔ انہوں نے یہ بھی سوال کیا کہ کانگریس حکومت بی آر ایس کے دورِ حکومت میں مبینہ بدعنوانیوں کے خلاف کارروائی کیوں نہیں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت صرف تحقیقات کے نام پر وقت ضائع کر رہی ہے۔ اس سے قبل وزیر موصوف نے رہائش گاہ پر راکھی تقریب میں شرکت کی۔

PCC

تلنگانہ پردیش کانگریس پارٹی اس ماہ کی 23 تاریخ کے بعد جن ہت پدیاترا دوبارہ شروع کرے گی۔ پی سی سی صدر مہیش گوڑ نے آج پارٹی دفتر میں میڈیا سے غیر رسمی بات چیت میں یہ اطلاع دی۔ انہوں نے کہا کہ پدیاترا کے دوران اب تک موصول ہونے والی پنشن کی درخواستوں کو نوٹ کیا گیا ہے۔ بی سی کے کوٹہ کے بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خاص طور پر بی جے پی ارکان پارلیمنٹ بنڈی سنجے، اروند اور ای راجندر کی خاموشی بی سی طبقہ کے مفادات کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سینئر بی جے پی قائدین کو دہلی، گجرات اور اتر پردیش میں اقلیتوں کو دیے جانے والے ریزرویشن پر بات کرنی چاہیے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بی جے پی نے اسمبلی میں بی سی بل کی حمایت کی تھی لیکن مرکز میں اسے روک رہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پارٹی کی ڈسپلنری کمیٹی راج گوپال ریڈی اور انیرودھ ریڈی کی عوامی تنقید کا جائزہ لے رہی ہے۔

WEATHER

ہندوستانی محکمہ موسمیات نے کل کیلئے تلنگانہ کے 13 اضلاع میں شدید بارش کا انتباہ جاری کیا ہے۔ بادلوں کی گرج چمک اور تیز آندھی کے ساتھ بارش کے امکانات ریاست کے تمام 33 اضلاع میں ہیں۔ ہندوستانی محکمہ موسمیات کے تازہ بلیٹن کے مطابق شدید بارش کے امکانات نرمل، نظام آباد، جگتیال، راجنا سرسلہ، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، سدی پیٹ، وقار آباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی اور ناگر کرنول کے کچھ مقامات پر زیادہ ہیں۔ اس کے علاوہ، گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کے امکانات ریاست کے تمام 33 اضلاع میں موجود ہیں۔

GHMC

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن (جی ایچ ایم سی) نے آج اپنی شہری خدمات کو بہتر بنانے کیلئے ایک نئی ڈیجیٹل سروس شروع کی ہے۔ جائیداد کے مالکان کو مختلف آن لائن خدمات تک رسائی دی جائے گی جن میں جائیداد کا ٹیکس ادا کرنا، عمارت کی اجازت نامہ اور جی ایچ ایم سی کو شکایات درج کروانا شامل ہیں۔ آن لائن پلیٹ فارم سے الیکٹرانک فضلہ گھر کے دروازے پر جمع کرنے کی سہولت بھی دی جائے گی، جو ماحول دوست طریقہ سے ضائع کرنے کو فروغ دے گا۔ یہ نیا نظام شہریوں کو مچھر کش دھواں کرنے کی درخواست دینے اور صحت کے مسائل کو جلد حل کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے، ساتھ ہی کچرے اور تعمیراتی و ملبے کے ٹھکانے لگانے کی اطلاع بھی دینے کی سہولت دے گا تاکہ فوری کارروائی کی جا سکے۔ جی ایچ ایم سی جیو ٹیگ کی گئی تصاویر کے ذریعے فیلڈ انسپیکشن کرے گا، جس سے جوابدہی میں اضافہ ہوگا۔

INDIRAMMA

اندراماں ہاؤسنگ اسکیم کے استفادہ کنندگان کو اب ادائیگیاں آدھار پر مبنی نظام کے ذریعہ کی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ کے دفتر کی جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق یہ نیا نظام بلوں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائے گا اور بینکوں کے ذریعہ ادائیگی نہ ملنے کی شکایات کو کم کرے گا۔ بیان میں کہا گیا کہ تقریباً 590 کروڑ روپے اندراماں ہاؤسنگ اسکیم کے تحت استفادہ کنندگان کو ادا کئے جا چکے ہیں۔ تاہم حال ہی میں کچھ استفادہ کنندگان نے شکایت کی ہے کہ منظوری شدہ رقم ان کے کھاتوں میں منتقل نہیں ہو رہی۔ نئے نظام کے تجربے کے بعد حکومت نے تقریباً 9,100 مستحقین کو ان کے آدھار نمبرس کے ذریعہ ادائیگی کی ہے۔

ECI

الیکشن کمیشن نے آج 334 رجسٹرڈ غیر تسلیم شدہ سیاسی جماعتوں کو فہرست سے خارج کر دیا ہے۔ جنہوں نے 2019 سے اب تک مسلسل چھ سالوں میں ایک بھی انتخاب میں حصہ نہیں لیا۔ ایک بیان میں الیکشن کمیشن نے کہا کہ یہ 334 غیر تسلیم شدہ سیاسی جماعتیں ملک کے مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھتی ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق سیاسی جماعتوں کی رجسٹریشن کے رہنما خطوط میں کہا گیا ہے کہ اگر کوئی جماعت مسلسل چھ سال تک انتخابات میں حصہ نہیں لیتی تو اسے رجسٹرڈ جماعتوں کی فہرست سے ہٹا دیا جائے گا۔ کمیشن نے تمام حقائق اور ریاستی چیف الیکشن آفیسرس کی سفارشات کو مدنظر رکھتے ہوئے 334 جماعتوں کو فہرست سے خارج کر دیا ہے۔

RAKSHA

رکشا بندھن، جو بھائی اور بہن کے خصوصی رشتہ کا تہوار ہے، آج ریاست بھر میں منایا جارہا ہے۔اس موقع پر بہنیں اپنے بھائیوں کی کلائی پر رنگ برنگے راکھی باندھتی ہیں اور ان کی خوشحالی، صحت اور خیریت کے لئے دعا کرتی ہیں۔ بدلے میں بھائی اپنی بہنوں کے تحفظ اور حمایت کا عہد کرتے ہیں اور انہیں تحائف پیش کرتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور گورنر جشنو دیو ورما نے اس موقع پر عوام کو مبارکباد دی۔ بہنوں نے اپنے بھائیوں کو راکھی باندھ کر بھائی بہن کے رشتے کی علامت پیش کی۔راکھی فروخت کرنے والی دوکانات اور مٹھائی کی دوکانات میں گزشتہ چند دنوں سے ہجوم دیکھا جارہا ہے۔ریاستی پنچایت راج وزیر سیتاا کا،سابق وزیر گیتا ریڈی، ریاستی خواتین کمیشن کی صدر نشین این شاردا، برہما کماری اور دیگر خواتین نے وزیر اعلیٰ کو راکھی باندھی۔

○○